# Practice Question Paper 2020-21
## Class-X

Time: 3 Hrs. Subject: Urdu-A (003) M.M.:80

## (40) Part: A Reading Comprehension and Grammar MCQ

**سوال نمبر1:- درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے ۔ 1x5=5**

لفظ 'شہری' جمہوریت میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا لفظ ہے۔ سیاست کے لیے ہر سطح پر استعمال ہوتا ہے۔ شہری وہ شخص ہوتا ہے جو حقوق سے لطف اندوز ہوتا ہے اور ریاست میں اپنے فرائض سر انجام دیتا ہے۔ ہندوستان میں رہنے والا ہر ہندوستانی شہری نہیں ہے۔ ہندوستان میں رہنا کسی شخص کو شہری نہیں بناتا۔ ایک شہری وہ ہوتا ہے جو ریاست کا ممبر ہو اور حکومت بنانے کے عمل میں حصّہ لیتا ہو۔ وہ شخص جس کے قوانین کے تحت حکمرانی ہو لیکن اس کے پاس کوئی سیاسی حقوق نہیں ہو وہ شہری نہیں ہے۔

شہری کی اصطلاح جمہوریت کے عروج کے ساتھ جڑی ہوئی ہے۔ جہاں کسی کو سیاسی حقوق، ووٹ ڈالنے کا حق اور اہم سوالات پر فیصلہ لینے میں حصّہ لینے کا حق ہے وہ شہری ہے۔ 1789 میں فرانسیسی انقلاب کے بعد 'شہری' لفظ بہت مقبول ہوا۔ کہا گیا کہ ''تمام شہری برابر ہیں۔ انہیں مساوی حقوق حاصل ہیں۔''

ایک اچھا شہری وہ ہوتا ہے جو حقوق اور فرائض دونوں کے بارے میں شعور رکھتا ہو۔ مثال کے طور پر ووٹ کا حق ہمارے سب سے اہم حقوق میں سے ایک ہے اور ہمارا بھی فرض ہے کہ ہم حق رائے دہی کا استعمال کریں۔ اگر کوئی فرد ووٹ نہیں دیتا ہے تو اسے اچھا شہری نہیں سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ وہ دیگر معاملات میں ایک اچھا انسان ہو سکتا ہے۔

(I) کس طرح کے افراد کو اچھا شہری سمجھا جاتا ہے؟

A. جو ووٹ نہیں دیتے ہیں

B. جو ووٹ دیتے ہیں

C. جو دولت جمع کرتے ہیں

D. جو امیروں کی تعریف کرتے ہیں

(II) جمہوریت میں کون سا لفظ سب سے زیادہ استعمال کیا جاتا ہے؟

A. صوبائی

B. شہری

C. آزادی

D. غلامی

(III) ایک اچھے شہری میں کون کون سی خوبیاں پائی جاتی ہیں؟

(IV) فرانسیسی انقلاب کب ہوا تھا؟

(V) شہری کسے کہتے ہیں؟

**سوال نمبر2:- درج ذیل غیر درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔** 1x5=5

ایک تھا ملا نصرالدین
کرتا تھا باتیں نمکین
کام تھا اس کا احمق بننا
سیدھی بات کو الٹا کرنا
کھانے پینے کا شوقین
ایک تھا ملا نصرالدین
اس سے ہیں منسوب لطیفے
مزے مزے کے ڈھیروں قصے
خوشیوں کی تھا ایک مشین
ایک تھا ملا نصرالدین
ایک گدھا تھا اس کے پاس
ایک گدھی تھی جس کی ساس

(I) ملّا نصرالدین کا کیا کام تھا؟

A. احمق بننا
B. احمق بنانا
C. وکالت
D. تجارت

(II) ملّا نصرالدین کس طرح کی باتیں کرتا تھا؟

A. کڑوی
B. میٹھی
C. نمکین
D. اوچھی

(III) ملّا نصرالدین کس چیز کا شوقین تھا؟

(IV) ملّا نصرالدین سے کون سی چیزیں منسوب ہیں؟

(V) شاعر نے ملّا نصرالدین کو خوشیوں کی مشین کیوں کہا ہے؟

**سوال نمبر3:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) جملے میں مختصر وقفے کے لیے کون سانشان استعمال کرتے ہیں ؟

A. ( ۔ )

B. ( ، )

C. ( ! )

D. ( : )

(II) کسی کی بات کو اسی کے الفاظ میں نقل کرتے ہوئے جو علامت لگائی جاتی ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟

A. ختمہ

B. سکتہ

C. واوین

D. رابطہ

(III) شعر کے دو حصّے ہوتے ہیں۔ ہر حصّہ کیا کہلاتا ہے ؟

A. قافیہ

B. ردیف

C. مصرع

D. مطلع

(IV) غزل کے پہلے شعر کو کیا کہتے ہیں ؟

A. حسنِ مطلع

B. مقطع

C. مصرع

D. مطلع

(V) جس شعر میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اسے کیا کہتے ہیں ؟

A. مقطع

B. مطلع

C. قافیہ

D. ردیف

**سوال نمبر4:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) 'احمد فرشتہ ہے' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

A. تشبیہ کی

B. استعارہ کی

C. صنعتِ تضاد کی

D. تلمیح کی

(II) 'شکیلہ چاند کی طرح ہے' یہ جملہ کس کی مثال ہے؟

A. تشبیہ کی

B. استعارہ کی

C. صنعتِ تضاد کی

D. تلمیح کی

(III) دل کا اجڑنا سہل سہی بسنا سہل نہیں ظالم
بستی بسنا کھیل نہیں ہے بستے بستے بستی ہے

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. تشبیہ

B. استعارہ

C. حسنِ تعلیل

D. صنعت تضاد

(IV) آوارہ غربت کو بھی سُنا
کس رنگ میں ہے کنعانِ وطن

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

A. تشبیہ

B. تلمیح

C. حسنِ تعلیل

D. صنعت تضاد

(V) بات کا پوشیدہ رکھ کر کہنا یا مخفی اشارہ۔۔۔۔۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

A. تشبیہ

B. کنایہ

C. تلمیح

D. صنعتِ تضاد

**سوال نمبر 5:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) وہ لفظ جو کسی کام کے کرنے والے کو ظاہر کرے اسے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں؟

A. صفت

B. فاعل

C. مفعول

D. فعل

(II) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو اسے۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔

A. فعل معروف

B. فعل مجہول

C. صفت

D. اسم معرفہ

(III) 'کمبل تقسیم کیے گئے۔' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ معروف

B. فعلِ مجہول

C. فعلِ حال

D. فعلِ مستقبل

(IV) 'کل ہم پکنک جائیں گے' اس جملے میں کون سا فعل ہے؟

A. فعلِ حال

B. فعلِ ماضی

C. فعلِ مستقبل

D. فعلِ مرکب

(V) 'طلبا کرکٹ کھیل رہے ہیں' اس جملے میں خط کشیدہ الفاظ ہیں؟

A. مفعول

B. فعل

C. اسم

D. صفت

**سوال نمبر6:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) صحیح محاورہ کون سا ہے؟

A. خون گرنا

B. خون کھولنا

C. خون لال ہونا

D. خون بہنا

(II) 'نام روشن کرنا' محاورے کا کیا مطلب ہے؟

A. دھوکا دینا

B. مشہور ہونا

C. بے عزت ہونا

D. گمنام ہو جانا

(III) بد اچھا بد نام۔۔۔۔۔۔۔(کہاوت مکمل کیجیے)

A. خراب

B. بُرا

C. صحیح

D. اچھا

(IV) 'مخمصے میں پڑنا' محاورے کا مطلب ہے۔

A. بھاگ جانا

B. پانی میں کودنا

C. جھگڑے میں پڑنا

D. چھت سے گر پڑنا

(V) صحیح کہاوت کون سا ہے؟

A. لاکھ کا گھر خاک ہو گیا

B. لاکھ کا گھر سونا ہو گیا

C. ہزار کا گھر خاک ہو گیا

D. ہزار کا گھر سونا ہو گیا

**سوال نمبر 7:۔ نیچے دیے گئے سبھی سوالوں کے جواب لکھیے۔** **1x4=4**

(I) 'طرب' کا کیا مطلب ہے؟

A. غم

B. دولت

C. نمی

D. خوشی

(II) 'قوانین' کا واحد ہے۔

A. قنون

B. قانوناً

C. قانون

D. قانونی

(III) 'بھولا' کس کا افسانہ ہے۔

A. سعادت حسن منٹو

B. حیات اللہ انصاری

C. راجندر سنگھ بیدی

D. پریم چند

(IV) 'سورج' لفظ کا مترادف ہے۔

A. قمر

B. آفتاب

C. مہتاب

D. ہلال

**سوال نمبر 8:- درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5**

ایک عام آدمی کی نظر میں ماحولیاتی مسئلہ بھی ایک ''سائنسی مسئلہ'' ہے جس پر سائنس داں بحث کرتے رہتے ہیں۔ اس کے خیال میں یہ کوئی ایسا مسئلہ نہیں ہے جس میں وہ دلچسپی لے یا جس پر غور و فکر کیا جائے۔ لیکن ذرا بتائیے کہ کیا ہم کو اس بات کی فکر نہیں ہے کہ آج کل کینسر کا مرض اتنی شدّت کیوں اختیار کر گیا ہے، دل کے امراض کیوں عام ہو رہے ہیں، لوگوں کو سانس کی تکلیف کیوں ہو رہی ہے، موسموں کا چلن کیوں بگڑ گیا ہے، برسات کی وہ رُتیں اور جھڑیاں کیوں ختم ہو گئی ہیں، دریاؤں کا پانی گدلا اور کنوؤں کا پانی زہریلا کیوں ہو گیا ہے، تازہ ہوا کے وہ جھونکے کہاں چلے گئے کہ جو روح کو شاد کر جایا کرتے تھے، موتی کی طرح شفاف پانی کے وہ قدرتی چشمے کہاں کھو گئے جن کی تہہ کا حال اوپر سے ہی نظر آتا تھا۔ یقیناً یہ ایسے مسائل ہیں کہ جن کا تعلق ہم سے اور ہماری فنا و بقا سے ہے۔ اور اب اگر یہ کہا جائے کہ ان تمام مسئلوں کا سیدھا واسطہ ہمارے بگڑتے ہوئے ماحول سے ہے تو کیا اب بھی آپ ماحولیاتی مسئلے کو محض سائنسی مسئلہ کہیں گے؟

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. بھولا

B. نیا قانون

C. ماحول بچایئے

D. عورتوں کے حقوق

(II) لوگوں کو سانس کی تکلیف کیوں ہو رہی ہے؟

A. نہ کھیلنے کی وجہ سے

B. کھیلنے کی وجہ سے

C. بھوک کی وجہ سے

D. خراب ماحول کی وجہ سے

(III) سائنسداں کس موضوع پر بحث کرتے رہتے ہیں؟

(IV) ماحول خراب ہونے کی وجہ سے کنوؤں کا پانی کیسا ہو گیا ہے؟

A. کالا

B. زہریلا

C. ہرا

D. سفید

(V) ایک عام آدمی ماحولیاتی مسئلہ کو کس کا مسئلہ مانتا ہے؟

A. جغرافیائی مسئلہ

B. غیروں کا مسئلہ

C. اپنا مسئلہ

D. سائنسی مسئلہ

**یا**

اردو پر ایک اعتراض یہ کیا جاتا ہے کہ یہ مخلوط زبان ہے۔اس سے تو کسی کو انکار نہیں ہوسکتا کہ یہ ٹھیٹ ہندوستانی زبان ہے۔اب رہی یہ بات کہ یہ مخلوط ہے تو مخلوط ہونا کوئی عیب نہیں بلکہ ایک اعتبار سے خوبی ہے۔

یوں تو دنیا میں کوئی زبان خالص نہیں ہر زبان نے کسی نہ کسی زمانے میں دوسری زبانوں سے کچھ نہ کچھ لفظ لیے ہیں یہاں تک کہ جو زبانیں مقدس کہلاتی ہیں وہ بھی اچھوتی نہیں ...... مخلوط زبان میں ہوتا یہ ہے کہ غیر زبان جو کسی قوم کو سیکھنی پڑتی ہے مخلوط نہیں ہوتی بلکہ اس کی اپنی زبان غیر زبان کے میل سے مخلوط ہوجاتی ہے۔بعینہٖ یہی حال مسلمانوں کے آنے کے بعد ہوا، فارسی مخلوط نہیں ہوئی بلکہ مقامی زبان فارسی سے مخلوط ہوکر ایک نئی زبان بن گئی ہے۔

یہ بھی ایک مسلّم ثبوت ہے کہ غیر زبان کے لفظ جو کسی زبان میں داخل ہوجاتے ہیں یا کسی زبان کو مخلوط کرتے ہیں تو اصلی زبان کے صرف ونحو کو ہاتھ نہیں لگاتے۔یہی صورت اس مخلوط زبان اردو میں پیش آئی کہ فارسی کا اثر اسماء وصفات تک رہا البتہ بعض حروف عطف مثلاً اگر، مگر، اگرچہ، لیکن وغیرہ آگئے اصل صرف ونحو بالکل دیسی زبان کی رہی اور جب ضرورت پڑی فارسی، عربی، لفظوں کو ہندی قالب میں ڈھال کر اپنا لیا۔مثلاً عربی الفاظ بدل، کفن، دفن، قبول سے بدلنا، کفنانا، دفنانا، قبولنا، مصدر بنا لیے۔اسی

(I) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

A. سرسید کا بچپن

B. بھولا

C. نیا قانون

D. مخلوط زبان

(II) اردو کیسی زبان ہے؟

A. مخلوط زبان

B. غیر مخلوط زبان

C. خالص

D. غیر ملکی

(III) غیر زبان کے لفظ جب کسی زبان میں داخل ہوتے ہیں تو اس زبان پر کیا فرق پڑتا ہے؟

A. زبان کمزور ہو جاتی ہے

B. زبان مخلوط ہو جاتی ہے

C. زبان میں خرابیاں آجاتی ہیں

D. زبان ختم ہو جاتی ہے

(IV) مصنف نے کس زبان کو ٹھیٹ ہندوستانی زبان کہا ہے؟

A. فارسی کو

B. ہندی کو

C. سنسکرت کو

D. اردو کو

(V) 'بدلنا' کس لفظ سے بنا ہے؟

A. بدلہ

B. بادل

C. بیدل

D. بدل

**سوال نمبر9:- درج ذیل درسی شعری حصّے کو غور سے پڑھ کر اس سے متعلق پوچھے گئے سوالوں (کثیر انتخابی سوالوں میں سے درست جواب کا انتخاب کیجیے اور باقی سوالوں کا ایک لفظ یا ایک جملے میں) کے جواب لکھیے۔ 1x5=5**

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا اب بھی مہکتے مندر سے ناقوس کی آواز آتی ہے؟

کیا اب بھی مقدّس مسجد پر مستانہ اذاں تھرّاتی ہے؟

اور شام کے رنگیں سایوں پر عظمت کی جھلک چھا جاتی ہے؟

او دیس سے آنے والے بتا!

او دیس سے آنے والے بتا!

کیا آم کے اُونچے پیڑوں پر اب بھی وہ پپیہے بولتے ہیں؟

شاخوں کے حریری پردوں میں نغموں کے خزانے کھولتے ہیں؟

ساون کے رسیلے گیتوں سے تالاب میں امرس گھولتے ہیں؟

او دیس سے آنے والے بتا!

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. جوشؔ ملیح آبادی

B. اکبرؔ الہ آبادی

C. علامہ اقبالؔ

D. اخترؔ شیرانی

(II) ناقوس کی آواز کہاں سے آتی ہے؟

A. اسکول سے

B. مندر سے

C. میدان سے

D. بازار سے

(III) شاعر نے کس جگہ کو مقدّس کہا ہے؟

(IV) ساون کے رسیلے گیت کہاں امرس گھولتے ہیں؟

(V) پپیہے کہاں پر بولتے ہیں؟

**یا**

(1)

فطرت کی دی ہوئی مسرت کھو کر
اوروں کو نہ کر ملول، غمگیں ہو کر
یہ عمر بہرحال گزر جائے گی
ہنس ہنس کر اِسے گزار یا رو رو کر

(2)

مذہب کی زباں پر ہے نکوئی کا پیام
حسنِ عمل اور راست گوئی کا پیام
مذہب کے نام پر لڑائی کیسی
مذہب دیتا ہے صلح جوئی کا پیام

(I) درج بالا شعری حصّے کے شاعر کون ہیں؟

A. میر انیسؔ

B. تلوک چند محرومؔ

C. فراقؔ گورکھپوری

D. اکبرؔ الٰہ آبادی

(II) صلح جوئی کا پیام کون دیتا ہے۔

A. افسر

B. وکیل

C. مذہب

D. ڈاکٹر

(III) شاعر نے کس کے نام پر لڑائی کرنے سے منع کیا ہے ؟

(IV) کس کی دی ہوئی مسرّت کو کھو کر اوروں کو ملول نہیں کرنا چاہیے ؟

(V) کس کی زبان پر راست گوئی کا پیام ہے ؟

## (40) Part: B Writing Skill

**سوال نمبر 10:۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر ڈھائی سو سے تین سو الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 6**

I. آلودگی ایک سنگین مسئلہ

II. قومی اتحاد ملک کی اہم ضرورت

III. بڑھتی ہوئی آبادی کے مسائل اور ان کا حل

IV. تعلیم کی اہمیت

V. یومِ آزادی

سوال نمبر 11:۔ کمرۂ جماعت بدلنے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

لاک ڈاؤن کے بعد اسکول کے تعلیمی ماحول کے بارے میں اپنی والدہ کو خط لکھ کر بتائیے۔

سوال نمبر 12:۔ اسکول کی لائبریری کو مزید بہتر بنانے کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔ 5

**یا**

کھیل کے میدان کے انتظام کے لیے پرنسپل کے نام ایک درخواست لکھیے۔

سوال نمبر 13:- 'جلوۂ دربارِ دہلی' نظم کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

یاس یگانہ چنگیزی کی غزل گوئی پر ایک نوٹ لکھیے۔

سوال نمبر 14: کلام حیدری کے افسانہ 'سخی' کا خلاصہ لکھیے۔ 5

**یا**

علی عبّاس حسینی کے افسانہ 'اَن دیوتا' کا خلاصہ لکھیے۔

**سوال نمبر 15:۔ درج ذیل سوالوں میں سے صرف چار سوالوں کے جواب 25 سے 30 لفظوں میں لکھیے۔ 2x4=8**

I. ''انسان پر بہ نسبت نیکی کے بدی کا اثر جلد پڑتا ہے'' ایسا کیوں؟ واضح کیجیے۔

II. جاتے ہوائے شوق میں ہیں اس چمن میں ذوقؔ

اپنی بلا سے بادِ صبا اب کبھی چلے

درج بالا شعر میں چمن سے شاعر کی کیا مراد ہے؟

III. 'نیا قانون' کے آنے کی خبر سے منگو کوچوان کیوں خوش تھا؟

IV. حسن نے خدا سے کیا سوال کیا؟ 'حقیقتِ حسن' نظم کی روشنی میں جواب لکھیے۔

V. دوپہر میں کہانی سننے کے باوجود بھولا کے چہرے پر خوشی کیوں نہیں نظر آرہی تھی؟

VI. سرسید کے نانا کے یہاں دسترخوان کے آداب کیا تھے؟

VII. مہاتما گاندھی نے اپنی غلطیوں کے کفّارے کے لیے کیا طریقہ اختیار کیا؟

VIII. رام سہائے اور اس کی بیوی بھاگ وتی کے خیالات میں کیا فرق ہے؟

**سوال نمبر16:۔درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو سوالوں کے جواب 40 سے 50 لفظوں میں لکھیے۔ 3x2=6**

I. تانگے والے کو گورے نے کیوں مارا؟

II. 'فقیر' افسانے کے مصنف کو پہلے فقیر کے پر کیوں رحم آیا؟

III. آئی۔سی۔ایس بننے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی؟

IV. 'صنعتی انقلاب' سے ہمارے قدرتی وسائل کس طرح متاثر ہوئے ہیں؟ بیان کیجیے۔